Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Problems & Worries

مشکل و پریشانی

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> Reciting YAA ALLAA-HU 66 times daily is effective to get rid of all the problems of life.

> ہر روز 66 مرتبہ ''یَا اَللہُ'' کا ورد کرنا تمام مشکلات زندگی سے دوری کے لئے مؤثر ہے۔

> Reciting YAA ALLAA-HU 1001 times in one sitting is very effective to get rid of difficulties and dangers.

> مشکلات و خطرات سے دوری کے لئے ایک ہی وقت میں 1001 مرتبہ ''یَا اَللہُ'' کا ورد کرنا مؤثر ہے۔

> If any person writes YAA ALLAA-HU and keeps with himself then all his difficulties will be eased.

> اگر کوئی شخص اس اسم شریف کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر مشکل کام اس کے لئے آسان ہو جائے گا۔

> Whoever makes the habit of reciting YAA RAHEE-MO will get whatever he asks from Allah (swt) and all his difficulties will be eased.

> جو شخص ''یَارَحِیْمُ'' کو اپنا وردبنالے تو وہ خدا تعالیٰ سے جو سوال کرے گا پالے گا اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔

> If anyone is having any difficulty, he should recite YAA RAHEE-MO so very soon his problem will be solved.

> اگر کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو تو ''یَارَحِیْمُ'' کو وہ اپنا وردبنالے تو بہت جلد اس کی مشکل حل ہوجائے گی۔

Free to read, copy and share

Making a habit of reciting YAA JABBAA-RO is tried and tested for getting rid of difficulty and problem.

''یا جَبَّارُ'' کو اپنا وردبنا لینا ہر مصیبت اور مشکل کے دور ہونے کے لئے مجرب ہے۔

It is reported from Imam Reza (a) that any person on Friday after namaz'e Subh recites YAA FATTAA-HO 77 times and meanwhile looks at his chest then the rust of negligence will be away from him and his heart will be clear and pure, his problems will automatically be solved.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز نماز صبح کے بعد 77 مرتبہ ''یافَتَّاحُ'' کا ورد کرے اور اس دوران اپنی نگاہیں اپنے سینہ پر مرکوز رکھے تو اس کے سینہ سے غفلت کا زنگ دور ہوجائے گا اور اس کا دل پاک و صاف ہوجائے گا اس کی مشکلات خودبخود ختم ہوجائیں گی۔

It is reported from Imam Reza (a) that if any person, daily after namaz'e Subh recites this zikr 7 times then Allah (swt) with the grace of these words will help him in each of his problems on that day...

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر روز بعد از نماز صبح 7 بار اس طرح سے کہے تو خداوند عالم ان کلمات کی برکت سے اس روز ہر مشکل میں اس کی مدد کرے گا۔۔۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

FASAYAKFEEKAHUMU ALLAAHU WAHUWA AS-SAMEE'U AL-'ALEEM

So Allah will be sufficient for you against them, and He is the All-Hearing, the All-Knowing.

پس اللہ تمہیں اُن کے مقابلے میں کافی ہوگا، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔

One who makes a habit of reciting YAA LATEE-FO will not fall into difficulties and doubts.

''یا لَطِیفُ'' کو اپنا ذکر بنالینے والا کسی مشکل، مصیبت اور اوہام میں گرفتار نہ ہوگا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

A Person came to Hazrat Rasool'e Khuda (s) and said: I'm very much in debt and there is no way to pay off the debt, so please suggest a solution to this problem. Hazrat (s) ordered him to recite this dua Fa-lillaa-hil Hamdo Rabis Samawaate (https://fzic.org/library/dua/paying-of-debts-3-3897) as much as possible, inshallah very soon your problem will be solved. It is in narration that the same man again came to Hazrat (s) and said: all my debt is paid but I am still in poverty. Hazrat (s) ordered him to recite the same dua frequently.

ایک شخص نے حضرت رسول اکرمؐ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ بہت زیادہ مقروض ہوں اور قرض کی ادائیگی کا کوئی ذریعہ بھی نہیں ہے میری مشکل کا کوئی حل بیان فرمادیجئے۔ آنحضرتؐ نے اس کو حکم دیا کہ اس دعا فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوَاتِ (https://fzic.org/library/dua/paying-of-debts-3-3897) کا بہت زیادہ ورد کیا کرو، انشاء اللہ العزیز بہت جلد تمہاری مشکل حل ہوجائے گی۔ روایت میں ہے کہ وہی شخص کچھ دنوں بعد دوبارہ حاضر خدمت ہوا اور عرض کیا کہ میرا سارا قرض ادا ہوچکا ہے لیکن ابھی بھی تنگ دست ہوں، آپؐ نے اسے پھر اسی دعا کے ورد کا حکم دیا۔

It has been reported from Imam Reza (a) that reciting YAA HAKEE-MO frequently is the cause of easiness in the problematic work.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ''یَا حَکِیْمُ'' کا بہت زیادہ ورد کرنا ہر مشکل کام کو آسان بنا دیتا ہے۔

To get rid of all types of problems reciting YAA WADOO-DO 77 times daily is more beneficial.

ہر قسم کی مشکلات کی دوری کے لئے 77مرتبہ روزانہ ''یَاوَدُوْدُ'' کا ورد بہت ہی مفید ہے۔

If repayment of debt is difficult for anyone then he should recite YAA HAQQO 108 times before Fajr azaan inshallah there will be a way out for the repayment of debt.

اگر قرض ادا کرنا کسی کے لئے مشکل ہوگیا ہو تو قبل از اذان صبح 108 مرتبہ ''یَاحَقُّ'' کا ورد کرے تو انشاء اللہ العزیز قرض ادائیگی کی کوئی سبیل پیدا ہوجائے گی۔

Regarding the difficulties of debt and for acceptance of dua and excellence reciting YAA HAQQO 108 times is tried and tested.

قرض سے متعلق مشکل کے حل کے لئے اور قبولیت دعا و سربلندی کے لئے 108مرتبہ ''یَاحَقُّ'' کا ورد مجرب ہے۔

Free to read, copy and share

If a pregnant woman has a fear of miscarriage or facing delay in delivery then her husband should recite YAA MUBDIY-YO 90 times and rub his first finger (next to thumb) on her stomach inshallah her difficulty will be eased.

اگر کسی خاتون کو حمل یا اسقاط حمل کا خطرہ یا خوف ہو یا ولادت میں تاخیر ہو رہی ہو تو اس کے خاوند کو چاہیئے کہ 90 مرتبہ ''یَا مُبدِیُ'' کا ورد کرے اور شہادت کی اُنگلی اس کے پیٹ پر پھیرے تو مشکل حل ہو جائے گی۔

To get rid of problems and acceptance of dua reciting YAA MUBDIY-YO 56 times during night is beneficial.

مشکلات کی دوری اور قبولیت دعا کے لئے رات کے وقت 56 مرتبہ ''یَا مُبدِیُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

If there is no solution to the problem reciting YAA QAIYYOO-MO 156 times will solve the problem very soon.

اگر کوئی مشکل کسی طریقے سے بھی حل نہ ہو رہی ہو تو ''یَا قَیُّومُ'' کا 156 مرتبہ ورد کرے تو بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی۔

To solve the problems the recitation of this zikr 19 times after every obligatory namaz has been emphasized...

مشکلات کے حل کے لئے بعد از نماز واجب اس ذکر کا 19 مرتبہ ورد کرنے کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔۔۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

YAA HAYYU YAA QAYYOOM

O Ever-Living, O Sustainer (Self-Subsisting Maintainer of all).

اے ہمیشہ زندہ ! اے سب کو سنبھالنے والے !

Free to read, copy and share

It has been reported from Imam Reza (a) that if any person is lost and do not know his whereabout, and if there is a difficult work which he is unable to do, should recite YAA AWWALO 1000 times in the Friday Eve (shab'e Juma) will find the lost one and every difficult will be eased.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص غائب ہوگیا ہو اور اس کی کوئی خبر نہ مل رہی ہو، یا کوئی بہت ہی مشکل کام ہو جو ہو کے نہ دے رہا ہو تو 40 شب جمعہ ہر شب 1000 بار ''یَا اَوَّلُ'' کا ورد کیا جائے تو غائب حاضر ہوگا اور ہر مشکل آسان ہوجائے گی۔

One who recites YAA AAKHE-RO frequently will overcome the enemy and his difficult work will be eased.

''یَا اٰخِرُ'' کو اپنا وردبنالینے والے کے لئے دشمن پر غلبہ اور مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہوجاتے ہیں۔

If one is surrounded with difficulties and hardship should recite this zikr 554 times in single sitting will come out from difficulties and hardship. It has been claimed that this ritual (amal) is tried and tested...

اگر کوئی مشکلات و شدائد میں گرفتار ہو تو وہ ایک وقت میں 554 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرے تو مشکلات و شدائد سے رہائی پائے گا، اس کے مجرب ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔۔۔

يَا رَؤُوْفُ يَا رَحِيْمُ

YAA RA'OOFU YAA RAHEEM

O Most Kind, O Most Merciful.

اے نہایت شفقت کرنے والے، اے بہت رحم کرنے والے۔

If this zikr is written in a circle and kept with oneself will be beneficial and effective...

اس ذکر کو اگر مربع شکل میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو مشکلات کے حل کے لئے مفید و مؤثر ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

يَامُقْسِطُ وَجَامِعُ

YAA MUQSITU WAJAAMI'

O The Utterly Just! O The Gatherer (O The One Who establishes perfect justice and fairness. O The One Who brings together (unites) and collects).

اے مکمل انصاف کرنے والے اے جمع کرنے والے (اے عدل قائم کرنے والے / اے لوگوں کو اکٹھا کرنے والے)

> According to a saying if a person is afflicted by calamities or poverty, having children and is in debt should perform ablution (wuzu) and frequently recite YAA GHANIY-YO will get salvation from the above problems.

> ایک قول ہے کہ اگر کوئی شخص بلائوں یا فقر میں بتلا ہو، عیال دار اور مقروض ہو تو اس کو چاہئے کہ باوضو ہو کر جتنا زیادہ سے زیادہ ''یَا غَنِیُّ'' کا ورد کر سکتا ہو کرے تو ان تمام مشکلات سے نجات پالے گا۔

> To come out from difficulties and problems of employment and for independent heart and soul reciting YAA GHANIY-YO 1060 times immediately after namaz'e Juma is tried and tested.

> مشکلات و تنگئی معیشت سے نکلنے اور دل و روح کے مستغنی ہونے کے لئے نماز جمعہ کے فوری بعد 1060 مرتبہ ''یَا غَنِیُّ'' کا ورد مجرب ہے۔

> Before starting an important work reciting this zikr 818 times every difficult work will be eased...

> جب کسی بہت ہی اہم کام کو انجام دینا ہو تو اس سے پہلے اگر 818 مرتبہ اس کا ورد کر لیا جائے تو ہر مشکل کام بھی آسان ہو جاتا ہے۔۔۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

SALAAMUN QAWLAN MIN RABBIN RAHEEM

"Peace" a word from a Merciful Lord.

سلامتی: یہ بات رحمت والے رب کی طرف سے ہے۔

Free to read, copy and share

> If a person is surrounded with extreme trouble and has no way to come out should frequently recite this zikr even while prostrating (sajdah) then very soon trouble will be eased...

> اگر کوئی شخص انتہائی مشکل میں گرفتار ہو اور اس سے نکلنے کا کوئی رستہ نہ پاتا ہو تو اس کا بہت زیادہ ورد کیا کرے، سجدے میں بھی اس کا بہت زیادہ ورد کرے تو ہر مشکل بہت جلد آسانی میں بدل جائے گی۔۔۔

يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا رَبَّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ يَا رَبُّ يَا رَبُّ

YAA RABBU YAA RABBU YAA RABBA AL-MALAA'IKATI WAR-ROOHI YAA RABBU YAA RABB

O Lord, O Lord, O Lord of the angels and the Spirit. O Lord, O Lord.

اے رب ! اے رب ! اے رب ! اے فرشتوں اور روح کے رب ! اے رب ! اے رب !

> It has been narrated from Ameerul Momeneen (a) that if you face any problem then write this zikr on 3 pieces of paper and put in flowing water, with the grace of Allah (swt) the problem will be solved...

> حضرت امیرالمومنینؑ سے مروی ہے کہ جب کوئی مشکل پیش آئے تو کاغذ کے تین ٹکڑوں پر لکھے اور کاغذ کو جاری پانی میں ڈال دے تو وہ مشکل بفضل تعالیٰ حل ہوجائے گی۔۔۔

هُوَ الْحَافِظُ وَالْكَافِيْ وَحْدَهٗ

HUWA AL-HAAFIZU WAL-KAAFEE WAHDAH

He alone is the Protector and the Sufficient One.

وہ اکیلا ہی محافظ اور کافی ہے۔

> Reciting YAA QAREE-BO on regular basis is beneficial in protection from problems & calamity and easing difficulties.

> ''یَا قَرِیْبُ'' کو اپنا وردبنا لینا آفات و بلیات سے امان اور مشکلات کو آسانی میں بدلنے کے لئے مفید ہے۔

> To get rid of all the misery and problems reciting YAA QAREE-BO 312 times daily is beneficial.

> تمام دشواریوں اور مشکلات سے نجات کے لئے روزانہ 312 مرتبہ ''یَا قَرِیْبُ'' کا ورد مفید ہے۔

Free to read, copy and share

To be safe from difficulties and troubles reciting this zikr 503 times during night is more beneficial...

مشکلات اور پریشانیوں کی دوری کے لئے رات کے وقت 503 مرتبہ اس ذکر کا ورد انتہائی فائدہ مند ہے۔۔۔

يَا نِعْمَ القَرِيْبُ

YAA NI'MA AL-QAREEB

O Excellent is the One who is near.

کیا ہی بہترین ہے وہ قریب (قریب ترین) ہونے والا۔

To gain blessings of Allah (swt) and safe from difficulties reciting this zikr 596 times during daytime is beneficial...

حصول رحمت خداوندی اور مشکلات کی دوری کے لئے دن کے وقت 596 مرتبہ اس ذکر کا ورد فائدہ مند ہے۔۔۔

يَا قَرِيْبَ الرَّحْمَةِ

YAA QAREEBA AR-RAHMAH

O One whose mercy is near.

اے وہ ذات جس کی رحمت قریب ہے۔

If there is tough time in life and find no solution then after namaz reciting YAA KAAFE-YO 111 times in one sitting is beneficial.

اگر زندگی میں کوئی بہت ہی مشکل درپیش آجائے اور اس کا کوئی حل نہ ہو تو بعد از نماز ایک نشست میں 111 مرتبہ ''یَا کَافِیُ'' کا ورد مفید ہے۔

To ease all difficult work, recite this zikr 1000 times after namaz'e subh...

ہر مشکل امر کے لئے نماز صبح کے بعد 1000 مرتبہ یہ پڑھے۔۔۔

Free to read, copy and share

بِسْمِ اللهِ اٰمَنْتُ بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

BISMI ALLAAHI AAMANTU BILLAAHI AL-'ALIYY AL-'AZEEMI WATAWAKKALTU 'ALAA AL-HAYYI AL-QAYYOOMI WASALLAA ALLAAHU 'ALAA MUHAMMADIN WA AALI MUHAMMAD.

In the name of Allah, I believe in Allah the Most High, the Most Great and I rely upon the Ever-Living, the Ever-Sustaining. And may Allah send blessings upon Muhammad and the family of Muhammad.

اللہ کے نام سے۔ میں اللہ پر ایمان لایا، جو سب سے بلند، سب سے عظیم ہے، اور میں ہمیشہ زندہ، قائم رکھنے والے پر بھروسا کرتا/کرتی ہوں۔ اور اللہ محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر درود بھیجے۔

Then say...

پھر کہے۔۔۔

بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِيْثُ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

BIRAHMATIKA ASTAGHEETHU YAA ARHAMA AR-RAAHIMEEN

By Your mercy I seek help, O Most Merciful of those who show mercy.

تیری رحمت کے ذریعے میں فریاد کرتا/کرتی ہوں، اے سب رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

If any person wishes to cross the path of recognition should recite this zikr 20000 times daily for 180 days. 4 days before this ritual (amal) one should avoid eating delicious and colourful food, inshallah all his difficulties on this path will end...

جو شخص سلوک کا رستہ طے کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ 180 دنوں تک روزانہ 20000 مرتبہ اس ذکر کا ورد کیا کرے اور ان تمام دنوں میں بلکہ 4 دن پہلے سے روغنی و مرغن اور رنگا رنگ غذائوں سے پرہیز کرے، انشاء اللہ اس کے راستے کی تمام مشکلات خود بخود ختم ہوتی چلی جائیں گی۔۔۔

يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ

YAA HANNAANU YAA MANNAAN

O Most Kind and Compassionate, O Great Bestower (of favors).

اے بہت شفقت کرنے والے، اے بہت عطا کرنے والے۔

Free to read, copy and share

To come out from the troubles of lost route reciting this zikr 344 times during night is beneficial...

گمشدہ راستے کی مشکلات سے نکلنے کے لئے رات کے وقت 344 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

يَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ

YAA FAALIQA AL-ISBAAH

O One who splits the dawn / O Bringer of daybreak.

اے صبح کو چیر کر نکالنے والے ! (یعنی رات کے بعد دن ظاہر کرنے والے)

To seek help from Allah (swt) during trouble reciting this zikr 838 times at night is beneficial...

کسی بھی مشکل میں اللہ تعالی سے مدد طلب کرنے کے لئے رات کے وقت 838 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

يَا نَاصِرَ مَنْ لَّا نَاصِرَ لَهٗ

YAA NAASIRA MAN LAA NAASIRA LAH

O Helper of the one who has no helper. / O Supporter of the helpless.

اے اُس کے مددگار جس کا کوئی مددگار نہیں ! اے بے سہارا کی مدد کرنے والے !

Seeking for the needs along with the recitation of this zikr will relieve a troubled person and protection for the frightened people...

اس ذکر کے ورد کے ساتھ مانگی جانے والی دعا سے مضطرین کو نفع اور خوف زدہ لوگوں کو امان ملتی ہے۔۔۔

يَارَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

YAA RAHMAANU YAA RAHEEM

O The Most Compassionate, O The Most Merciful.

اے نہایت مہربان ! اے بہت رحم کرنے والے !

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If any person is facing financial problems and scarcity of income then reciting YAA SHAKOO-RO 526 times will inshallah solve his problems and he will get abundant sustenance.

اگر کسی شخص کو مالی پریشانی اور روزی میں تنگی ہو تو 526 مرتبہ ''یَا شَکُوْرُ'' کا ورد کرے تو انشاء اللہ اس کی پریشانی ختم اور روزی کشادہ ہوجائے گی۔

It is reported from Imam Reza (a) that the one who recites YAA A'LIYYO his position will be elevated and if a traveler far from the hometown is having financial problems and he recites YAA A'LIYYO then will return with honour.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ''یَا عَلِیُّ'' کا ورد کرنے والے کے لئے بلندی درجات کا باعث بنتا ہے اور اگر کوئی شخص وطن سے دور ہو اور مالی پریشانی ہو تو اگر وہ ''یَا عَلِیُّ'' کو اپنا ورد بنالے تو باآبرو وطن واپس لوٹ آئے گا۔

If any person wants to develop a habit of remaining thirsty and hungry or during famine and shortages he wants to save by eating less food or want to keep the baby away from mother's milk or want to be safe from the problems of the provisions for a journey in desert then he should recite YAA MUQEE-TO 77 times and blow on an empty mud pot (mug) then fill it with water so if anyone drinks that water will get benefit for all the above problems.

اگر کوئی شخص اپنے نفس کو بھوک وپیاس کی عادت ڈالنا چاہے یا قحط و قلت غذا کے دنوں میں کم خوراکی کے ذریعہ بچت کرنا چاہے یا بچے کو شیر مادر سے باز رکھنا چاہے، یا سفر میں پریشانی سے بچنا چاہے یا بیابان میں زادِ راہ کی پریشانی سے بچنا چاہے تو ''یَا مُقِیْتُ'' کو 77 مرتبہ کسی خالی کوزے پر دم کریں اس کے بعد اس کوزہ کو پانی سے بھردیں تو جو بھی اس پانی کو پیئے گا مذکورہ تمام فوائد سے بہرہ مند ہوگا۔

If any person recites YAA HASEE-BO 77 times morning and night then his children, wealth and property will be safe from calamities and difficulties.

جو شخص صبح اوررات کو 77 مرتبہ ''یَا حَسِیْبُ'' کا ورد کرے تو اس کی اولاد اور مال و منال سب آفات و بلیات سے امان میں رہیں گے۔

It has been narrated by Imam Ali (a) that whenever Holy Prophet (s) used to get very disturbed, he used to recite this zikr and his face used to change to happiness...

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ جب بھی حضرت رسول خداؐ شدید مضطرب ہوتے تو آپؐ کی زبان مبارک پر یہ ذکر جاری ہوتا، پھر آپ کے چہرہ مبارک پر خوشی کے آثار ظاہر ہوجاتے۔۔۔

Free to read, copy and share

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

YAA HAYYU YAA QAYYOOM

O Ever-Living, O Sustainer (Self-Subsisting Maintainer of all).

اے ہمیشہ زندہ ! اے سب کو سنبھالنے والے !

> All those whose heart is distressed, worried and sorrowful if he works according to point no.1 will get relief.

> ہر وہ شخص جو دل تنگ و پریشان اور غمگین ہو اگر اس مذکورہ طریقہ والا پانی پی لے تو نجات پائے گا۔

> Reciting AL A'F-WO 126 times daily during daytime will cause a person to come out from the darkness of despair and worries.

> دن کے اوقات میں روزانہ 126 مرتبہ ''اَلعَفْوُ'' کا ورد کرنا سبب بنتا ہے کہ انسان مایوسی و پریشانی کے اندھیروں سے نکل آئے۔

> It has been reported from Imam Reza (a) that if any person is in trouble or is far from house or friends or worried about near ones or the source for the completion of work is gone, should on Sunday morning have a bath (ghusl) and recite 2 rakat namaz and then recite YAA JAAME-O once on each finger and close it will soon achieve his goal.

> حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جس شخص کو کوئی پریشانی لاحق ہو جائے یا اپنے گھر اور دوستوں سے دور ہوجائے یا اپنوں کے بارے میں حیران و پریشان ہو یا کام کی تکمیل کا ذریعہ اس کے ہاتھ سے نکل گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کرکے ۲ رکعت نماز پڑھے اپنے ہاتھوں کی ہر انگلی پر ایک ایک مرتبہ ''یَا جَامِعُ'' کا ورد کرے اور ساتھ ساتھ انگلی کو بند کرتا جائے تو وہ بہت جلد اپنے مقصود کو پالے گا۔

> During restlessness and trouble reciting YAA JAAME'O 584 times is more effective.

> اضطراب و پریشانی کے موقع پر 584 مرتبہ ''یَا جَامِعُ'' کا ورد کرنا بہت زیادہ مؤثر ہے۔

Free to read, copy and share

> When facing never ending problems, calamities and restlessness then perform ghusl and wuzu and pray 2 rakat namaz like fajr then recite this zikr 70000 times and give charity (sadqa) of halaal (permissible) thing inshallah very soon his problem will be solved...

> جب ایسا غم و اندوہ اور اضطراب ہو کہ ختم ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو چاہیئے کہ غسل کرکے ۲ رکعت نماز پڑھے اور 70000 بار اس ذکر کا ورد کرے پھر حلال چیز کا صدقہ دے تو انشاء اللہ بہت جلد اپنا مقصود حاصل کرلے گا۔۔۔

يَا بَدِيْعَ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضِ

YAA BADEE'A AS-SAMAWAATI WAL-ARD

O Originator / Creator of the heavens and the earth (the One who created them without any prior example).

اے آسمانوں اور زمین کو بے مثال پیدا کرنے والے ! اے پہلی بار نئی شان سے بنانے والے !

> To get rid of misfortune & trouble and for seeking repentance reciting YAA SABOO-RO 298 times during day times is more beneficial.

> مصیبت و پریشانی کی دوری اور طلب مغفرت کے لئے دن کے وقت 298 مرتبہ ''یا صَبُوْرُ'' کا ورد بہت مفید ہے۔

> Reciting YAA AKRA-MO is tried and tested for the removal of trouble.

> ''یا اَکْرَمُ'' کا ورد رفع پریشانی کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔

> Reciting this zikr during daytime is tried and tested to get rid of trouble...

> دن کے اوقات میں اس ذکر کا ورد رفع پریشانی کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔۔۔

يَااَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ

YAA AKRAMA MIN KULLI KAREEM

O Most Generous beyond every generous one. / O Noblest of all who are noble.

اے ہر کریم سے بڑھ کر کریم ! اے سب سے بڑھ کر سخی اور عزت والے !

Free to read, copy and share

> Reciter of YAA QAREE-BO will always be happy and will not find any trouble.

> ''یا قَرِیبُ'' کا ورد کرنے والا ہمیشہ مسرور رہے گا اور کوئی پریشانی نہ دیکھے گا۔

> Relief from Problems (https://fzic.org/library/dua/relief-from-problems-3675)

> نماز رفع مشکلات (https://fzic.org/library/dua/relief-from-problems-3675)

Printed from https://fzic.org/library/quran/problems-worries-3934 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.